سندھ کے محنت کشوں کے بچوں کیلئے

مفت تعلیمی سہولیات کا اعلان برائے سال 15-2014ء

سندھ ورکرز ویلفیئر بورڈ (ایجوکیشن سیکشن)

ورکرز ویلفیئر فنڈ آرڈیننس مجریہ 1972ء کے وضع کردہ قوانین کے تحت سندھ کے تمام اضلاع کے محنت کشوں کے بچوں کیلئے مفت تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے پندھرویں پیکیج کا اعلان کیا جارہا ہے۔ جس کی رو سے ایسے تمام محنت کش جن کے آجر سالانہ (ایجوکیشن سیس) جمع کراتے ہیں، اپنے کسی بھی دو بچوں کی تعلیمی سہولیات (برائے کلاس کے۔جی۔ون تا بارہویں جماعت) کے حصول کیلئے اہل ہونگے۔ مزکورہ قوانین کے تحت محنت کشوں کے بچوں کیلئے مفت تعلیمی سہولیات کے ضمن میں نصابی کتب بمع کاپیاں/ گرامر اور اسکول بیگ، اسکول یونیفارم بمع سویٹر اور اسکول شوز بمع .P.T شوز مہیا کئے جائینگے۔

محنت کشوں سے گزارش ہے کہ اپنے آجر کے توسط سے اپنے کسی بھی دو بچوں کی نئی کلاس کی ضروریات "فارم۔ A" بمعہ منسلک "رکیوزیشن فارم" پر ارسال فرمائیں، گذشتہ سال جن محنت کشوں کے بچوں کو تعلیمی سہولیات مہیا کی جاچکی ہیں، ان کے کوائف بمعہ ان کے بچوں کی تفصیلات کمپیوٹرائزڈ کی جاچکی ہیں۔ اور ان کی فہرستیں ان کے آجران کو ارسال کی جاچکی ہیں جن کو دیکھ کر محنت کش درخواست فارم پڑ کریں اور اطمینان کرلیں کہ ان کا اور ان کے بچوں کا نام ان فہرستوں میں درج ہے۔ ایسے تمام محنت کش جو پہلی مرتبہ اپنے بچوں کی تعلیمی سہولیات حاصل کرنا چاہتے ہیں ان سے گذارش ہے کے وہ "فارم A" بمعہ منسلک "رکیوزیشن فارم" پر درخواست ارسال کریں۔ آجران سے درخواست ہے کہ "فارم۔ A" سندھ ورکرز ویلفیئر بورڈ (ایجوکیشن سیکشن)، کراچی یا ویلفیئر آفیسر، @ورکرز ماڈل اسکول حیدرآباد، نزد کسٹم ہاؤس، حیدرآباد کے آفس سے **1 نومبر 2013** سے حاصل کریں۔ محنت کشوں سے استدعا ہے کہ وہ درخواست فارم جلد مکمل کر کے اپنے آجر کے ہاں جمع کرادیں اور آجر حضرات **15 نومبر 2013** تک تمام درخواست فارم بمعہ ایجوکیشن سیس کی رسید مندرجہ ذیل پتہ پر جمع کرادیں۔

نوٹ:۔

۱۔ **تمام محنت کشوں سے گذارش ہے کہ بچوں کی تعلیمی سہولیات کیلئے "فارم۔ A" بمعہ منسلک "رکیوزیشن فارم" پر درخواست ارسال کریں۔**

۲۔ **درخواست فارم پر بچوں کی کلاس، میڈیم (سندھی، اردو، انگریزی) اور گروپ [سائنس (پری انجینئرنگ، پری میڈیکل) آرٹس، کامرس] اور کتب سیریز، پبلشر اور اسکول کا نام، اسکول کی نوعیت (سرکاری یا پرائیویٹ) اور اپنے ادارے کا مکمل نام و پتہ، درخواست فارم پر واضح طور پر لکھیں۔ نامکمل درخواست فارم قابل قبول نہیں ہونگے۔**

۳۔ **فارم کیساتھ تصدیق شدہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، EOBI کارڈ، SESSI کارڈ اور کمپنی کارڈ کی کاپی لازمی منسلک کریں، پرانا شناختی کارڈ قابل قبول نہیں ہوگا۔**

۴۔ **مذکورہ تاریخ کے بعد وصول پانے والے درخواست فارم رد کر دیئے جائینگے۔**

جاری کردہ:

سندھ ورکرز ویلفیئر بورڈ (ایجوکیشن سیکشن)

ST-19، بلاک 6، نزد ڈائریکٹوریٹ آف مین پاور اینڈ ٹریننگ،
نیپا چورنگی، گلشن اقبال، کراچی۔ فون نمبر: 021-34812806